وزیر قانون: Overall general به شی او دوئ به ایگزام هم واخلی نو Affiliate چه کوم دے او دا ایگزام به ئے superintend, academic superintend وی جی او ډګری به ورله خیبر میډیکل یونیورسټی ورکوی۔

جناب سپیکر: تھینک یو لاء منسٹر صاحب۔ فائزہ بی بی رشید۔ (مداخلت) آپ اپنی باری کا انتظار کریں۔ ویسے سارے ممبران کافی دیر سے اس پرائیویٹ ممبر ڈے کا انتظار کرتے ہیں، جب تک ان کی بزنس کو نہ نمٹایا جائے تو مہربانی کر کے ہاؤس کے وقت کا خیال رکھیں۔ فائزہ بی بی رشید صاحبہ جی۔

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی دا تهٔ پیش کوے ؟

جناب محمد زمین خان: جی دا زهٔ پیش کوم۔

جناب سپیکر: دا خود هغوی کال اټینشن دے ، دا بل سړے نه شی پیش کولے ، Not presented, it lapses.

غیر سرکاری مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین مجریہ 2011ء کو پیش کرنے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

Mr. Speaker: Israrullah Khan Gandapur Sahib, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011 under rule 77 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر، لیکن-----

وزیر قانون: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: او دریږئ تاسو د دے نه پس، دوئ به ئے موؤ کړی نو بیا به تاسو دغه او کړئ۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میرے خیال میں اگر منسٹر صاحب کو سن لیں کیونکہ اگر-----

جناب سپیکر: اب آپ بتادیں، آپ بتادیں، پہلے موؤ کریں، پہلے موؤ کریں تاکہ ہاؤس کی کچھ وہ ہو جائے، Jurisdiction میں آجائے۔

Mr. Israrulllah Khan Gundapur: Sir, I beg to ask for leave of the House under rule 77-----

وزیر قانون: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اودریږه جی۔ آنریبل لاء منسټر صاحب، پلیز۔

وزیر قانون: مهربانی سر۔ دا خو In principle مونږه Oppose کوؤ خو په دیکښے عبدالاکبر خان صاحب شو او گنډاپور صاحب، دوئ دا خواست کړے وو چه یره که دا یو کمیټئ ته، زما په خیال که لاء اینډ پارلیمنټری آفیئرز کمیټئ ته لاړ شی نو هلته به پرے کښینو او بیا به خیر دے صلاح به اوکړو خو In principle, we are against it خو مونږه وایو چه په هاؤس کښے مشران دی، د دوئ لحاظ کوؤ چه که دا کمیټئ ته تاسو لیږئ نو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه، د موشن نه مخکښے تاسو وایئ چه لاړ شی، که نه دا موشن سے پہلے نہیں ہو سکتا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ آپ، ہم یہ چاہتے ہیں کہ Leave سے پہلے یہ کمیٹی کے پاس جائے، منسٹر صاحب نے یہ Proposal دی تو اب ہم موشن موؤ کرتے ہیں کہ اس کو لاء اینڈ پارلیمنٹری کمیٹی کے پاس بھیجا جائے تو اب ہاؤس سے پوچھیں، اگر ہاؤس اجازت دیتا ہے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ چونکہ Introduce نہیں ہوا ہے، آپ Introduction کروادیں، اگر وہ Agree کرتے ہیں تو Introduction کے بعد ہم، Introduction کے بعد کریں گے جی۔ انہوں نے ابھی ریکویسٹ کی ہے جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری گزارش یہ ہے کہ اگر رولز کا، یقیناً آپ کا کہنا بالکل بجا ہے لیکن سر، گورنمنٹ کی جو Reluctance ہے، اس سے بچنے کیلئے ہم یہ Out of box solution لائے تھے کہ مطلب ہے جو آپ کے خدشات ہیں، ان کو Address کرنے کیلئے اگر آپ اس کو کمیٹی کو بھی ریفر کرادیں کیونکہ سر، مسئلہ ابھی یہ ہے کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ اپنی ایک رائے رکھتی ہے، اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی اپنی ایک رائے ہے اور لاء کی اپنی ایک تشریح ہے اور سر، اس سلسلے میں آپ کے خطوط بھی میرے پاس موجود ہیں، آپ کے پاس جو لوگ آئے تھے اور آپ نے چیف منسٹر صاحب کو بھیجے تھے اور باقی ممبران صاحبان تھے، تو اس سلسلے سے بچنے کیلئے کیونکہ سر، اگر گورنمنٹ ڈٹ جاتی ہے اور اس کو

Oppose کرتی ہے تو یہ سزا ان تمام ملازمین کو ملے گی تو سر، میری آپ سے بھی یہ درخواست ہے کہ اگر آپ مہربانی کر کے اس کو کسی کمیٹی کو ریفر کرا دیں تا کہ یہ Kill نہ ہو سر۔

جناب سپیکر: نہیں، مجھے وہ نہیں لیکن گورنمنٹ اگر۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، بات یہ ہے کہ جناب سپیکر، ہمارے اسرار خان کی جو موشن ہے، وہ تو Leave کیلئے ہے، اب ہم یہ نہیں کہتے، جب یہ ہاؤس اور گورنمنٹ چاہتی ہے کہ اس کو کمیٹی کو بھیجا جائے تو جناب سپیکر، آپ ہاؤس سے پوچھیں، اگر ہاؤس کہتا ہے کہ ہاں، اور یہاں پر تو کوئسچنز بھی کمیٹی کے پاس گئے ہیں، کال اٹینشن نوٹسز بھی کمیٹیز کے پاس گئے ہیں اور یہ بڑا Important Bill ہے، اگر یہاں پر Kill ہو گیا تو یہ بہت سے لاکھوں لوگوں کے، مطلب ہے اس کا سوال ہے۔

جناب سپیکر: میں پہلے Leave تو لے لوں نا، عبدالاکبر خان! آپ کیوں اس پر Insist کرتے ہیں؟ Leave کے بعد یہ کمیٹی کو ہم بھیج دیں گے نا۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: پہلے تو Leave مل جائے نا مجھے ہاؤس سے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! مہربانی کریں، گورنمنٹ سے سر، میری یہ استدعا ہے کہ لاء منسٹر صاحب Leave کو Allow کریں۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب سے پوچھتے ہیں، آپ بیٹھ جائیں۔ Leave کیلئے۔۔۔۔

وزیر قانون: سر! ہماری تو بات یہ ہوئی تھی کہ یہ Leave سے پہلے ہم ریکویسٹ کریں گے اور اگر ہو سکتا ہے، وہ تو یہ ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: Leave پہلے گرانٹ ہو جائے تو پھر دیں گے، ایک Unprecedented بات ہو جائے گی۔ تو اگر Leave کی آپ اجازت دیتے ہیں، یہ Leave کو سپورٹ کرتے ہیں، Introduce ہو جائے، Introduce د شی، پہ لاء ریفارمز کبنے بہ بیا ورسرہ گورو۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر(بلدیات): تاسو د هاؤس نه تپوس اوکړئ چه Under rule 77 مونږ اجازت ورکوؤ، که نه ورکوؤ؟ که مونږه اجازت ورکړو نو هله د پیش کړی، که نه مونږ خو نه کوؤ دا۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ چھوٹی سی بات ہے، آپ Leave کی اجازت دے دیں، پھر لاء ریفارمز تو آپ کی اپنی کمیٹی ہے۔

سینئیر وزیر(بلدیات): ہم اس کو Oppose کرتے ہیں، ہم یہ Oppose کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: اچھا ٹوٹل Oppose کرتے ہیں۔

سینئیر وزیر(بلدیات): ہم Oppose کرتے ہیں، ہم اس کو Oppose کرتے ہیں جی۔

جناب سپیکر: ہاں، بس ٹھیک ہے، اسی طرح Simple کہا کریں نا۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب! اس میں بہت سے لوگوں کا مسئلہ ہے، اس میں آپ ہمارے ساتھ، جس طریقے سے وہ تعاون چاہتے ہیں، ہماری گزارش ہے گورنمنٹ سے کہ وہ اس مسئلے کو یقیناً کمیٹی میں بھیج دے اور اس کے بعد۔۔۔۔۔

سینئیر وزیر(بلدیات): ہم Oppose کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: وہ آپ کمیٹی میں بھی Oppose کر سکتے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: کمیٹی میں بھیج دیں، وہاں پر ان کے جو اعتراضات ہونگے، اس کے بعد وہ Oppose کریں۔

جناب سپیکر: میاں افتخار حسین! میرے پاس دو باتیں ہیں میاں صاحب، یا تو آپ کمیٹی میں اس کو Oppose کریں، فی الحال Leave کی اجازت دے دیں، اگر نہیں تو میں اس کو پینڈنگ کرتا ہوں جی۔

میاں افتخار صاحب۔۔۔۔۔

سینئیر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر صاحب! پینڈنگ اسلئے آپ نہ کریں کہ آپ ہاؤس سے پوچھیں کہ یہ ہم 77 کے، ہم اس کو Oppose کرتے ہیں، آپ Put کریں، ہم Oppose کرتے ہیں تو پھر پینڈنگ کی کیا ضرورت ہے؟

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے نا۔ The motion before the House۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! دیکھیں جی، ہم آپ سے بار بار جو ریکویسٹ کر رہے ہیں، ہم اس بل کو Kill کرنا نہیں چاہتے۔

جناب سپیکر: میاں افتخار صاحب۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری گزارش ہے۔

جناب سپیکر: جی، آپ کیا چاہتے ہیں جی، اسرار اللہ خان! میں Put کروں ہاؤس کو؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، ایک منٹ۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا بل ہے، آپ کا Right بنتا ہے، آپ بولیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ اگر منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ ہم Oppose کرتے ہیں، اگر ایک چیز کو Kill کرنا ہو، اس کا تو ہمارے پاس علاج نہیں ہے لیکن اگر ٹیکنیکل گراؤنڈز پہ یہ میرے ساتھ بات کرنا چاہتے ہیں تو میں سوال اٹھاتا ہوں اور یہ مجھے اس کا جواب دے دیں۔ میں خود اس کو Withdraw کر لوں گا اور مہربانی کر کے وہ اگر ذرا میری طرف توجہ دے دیں۔ سر، میری گزارش یہ ہے کہ اس میں جو پوائنٹس ہیں، میری اس میں سر۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی آنریبل بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، ہمارے لاء منسٹر صاحب فرماتے ہیں کہ اگر یہ کمیٹی میں چلا جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے تو ہمیں بھی کوئی اعتراض نہیں ہے، کمیٹی میں بھیج دیں۔

Mr. Speaker: Thank you.
Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you.

جناب سپیکر: جی بشیر بلور! دا۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، دا څنګه چه بشیر خان خبره اوکړه، د دوئ چه دا څنګه انډرسټینډنګ دے، په دے بنیاد د لاړ شي، بنهٔ به وي، لکه هغه څیز ته ئے مه بوځئ چه مونږه ئے Oppose کوؤ یا ئے نه کوؤ خو بس کمیټئ ته ئے اولیږئ، د ټولو خوښه ده، ستاسو خپل اختیار دے، کمیټئ ته د لاړ شي۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that leave may be granted to the honourable Member to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011? Those who are in favour if it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it, the leave is granted.

غیر سرکاری مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین مجریہ 2011ء کا مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کو سپرد کیا جانا

Mr. Speaker: Now is it the desire of the House that the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011 may be referred to the Law Reforms Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

Mr. Speaker: And those who are against it may say 'No'. -----

جناب عبدالاکبر خان: لاء ریفارمز کمیٹی نہیں جی، لاء اینڈ پارلیمنٹری آفیئرز۔

جناب سپیکر: وہی نا، ایک ہی بات ہے۔

(قہقہے)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011 may be referred to the Law and Parliamentary Affairs Committee? Those who are in favour if it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it, the Bill is referred to the concerned Committee.

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر! میں شکریہ ادا کرتا ہوں آپ کا، منسٹر صاحب کا اور بشیر بلور صاحب کا۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، تھینک یو۔ عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، چونکہ میرا بل بھی اسی Nature کا ہے تو میں بھی شکریہ ادا کرتا ہوں حکومت کا، لاء منسٹر کا اور سینیئر منسٹر کا کہ انہوں نے ہمارے اس بل کو جو کہ جوائنٹ بل ہے، اس کو کمیٹی کو بھیج دیا۔

جناب سپیکر: افہام و تفہیم اور جو پروسیجر کے مطابق ہو جائے تو یہ اچھی بات ہے، This is good gesture. Mr. Abdul Akbar Khan, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011، یہ تو وہی ہے، دوسرا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: وہی ہے ناسر۔

جناب سپیکر: Under rule 77 یہ آپ Joint کر لیتے نا؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، وہ تو ہو گیا نا، ان کا چونکہ آپ نے پہلے ایجنڈے پر رکھا تھا، میرا دوسرا تھا تو چونکہ ایک ہی Nature کا تھا، Civil Servants (Amendment) Bill جو ہوا ہے، وہی ہے۔ دوسرا وہ ٹریبونل کا ہے، ٹریبونل کا (Amendment) Bill ہے۔

جناب سپیکر: یہ تو آپ کا اپنا، وہی بل آپ کا اپنا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، وہ میرا اپنا ہے، میرے تین بلز ہیں ناسر۔

جناب سپیکر: یہ ایک ہو یا دس ہوں، تو آپ یہی پروسیجر تو Adopt کریں گے نا؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میرا ہے لیکن وہ تو ہو گیا ہے نا، وہ تو کمیٹی کو چلا گیا ہے، وہ تو چلا گیا، یہ دوسرا جو بل ہے، اس کو آپ Leave کیلئے کہیں۔

جناب سپیکر: یہ Short title، 'may be called'، same ہے نا؟ دا بیل دے، آئٹم نمبر 10 آپ دیکھ لیں، یہ-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، وہ تو ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر: یہ 10th تو ابھی میری Consideration میں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: وہ Separate issue ہے، Separate حوالے سے ہے، اس کو ہم نے Proper procedure کے تحت لینا ہو گا۔

غیر سرکاری مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین مجریہ 2011ء کو پیش کرنے کیلئے ایوان سے اجازت کا طلب کیا جانا

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011 under rule 77 of the Provincial Assembly

of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر۔ Before asking for leave میں ایک منٹ بات کرتا ہوں جناب سپیکر، پھر گورنمنٹ کی جو بھی Contention ہو گی، میرا اس میں کوئی ذاتی مقصد نہیں ہے لیکن جناب سپیکر، یہ آپ اگر دیکھ لیں، یہ جو سول سرونٹس ہیں۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینئر وزیر (بلدیات)}</u>: دا هم هغه Bill دے ؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: هغه نه دے ، دا بل دے۔

<u>سینئر وزیر (بلدیات)</u>: دا هم هغه شے دے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: يره هغه خو Dispose of نه شولو۔ Janab Speaker, I beg to ask for leave to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that leave may be granted to the honourable Member to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The leave is granted.

یہ بھی اسی طرح اسی کو ریفر کریں نا؟

غیر سرکاری مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین مجریہ 2011ء کا مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کو سپرد کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants (Amendment) Bill, 2011 may be referred to the Law and Parliamentary Affairs Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Bill is referred to the concerned Committee.

غیر سرکاری مسودات قانون کا واپس لیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Abdul Akbar Khan, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa Service Tribunals

(Amendment) Bill, 2011 under rule 77 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules 1988.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ یہ میرا بل ایک لفظ کی Deletion کا بل ہے، چھوٹا سا اور یہ ایک لفظ جو ہے نا 'Final'، یہ اگر آپ Extract دیکھیں: **"Appeals to Tribunals.-** Any civil servant aggrieved by any final order, whether original or appellate, made by a departmental authority in respect of any of the terms and conditions of his service may, within thirty days of the communication of such order to him" جناب سپیکر، اس میں یہ ہے کہ جب Final order ہو جائے گا اس کی اپیل پر تو اس کے تیس دن کے بعد جب اس کو Final order ملے گا تو اس کو تیس دن کے بعد ٹریبونل کے پاس جانے کا حق ہے۔ اب جناب سپیکر، اس 'Final' word کو Misuse کر کے اس میں کئی سال لگا دیئے جاتے ہیں تو میرا مقصد یہ نہیں ہے جناب سپیکر، میں تو کہتا ہوں کہ اگر بیس دن، پچیس دن، دو مہینے، تین مہینے، چھ مہینے آپ ٹائم دے دیں کہ Appellate authority کم از کم اس کو جلدی تو Dispose of کرے تاکہ وہ آدمی جو گھر پہ بیٹھا ہوا ہے اور اس کے خلاف ایک ایکشن لیا گیا ہے تاکہ اس کو یہ حق تو ہو کہ وہ ٹریبونل کے پاس جائے، وہ ٹریبونل کے پاس تب تک نہیں جا سکتا کہ جب تک اس کا Final order نہ ہو جائے۔ میری ریکویسٹ تو صرف ایک لفظ کی Deletion ہے اور یہاں اگر آپ کو حکومت کہتی ہے کہ یہ Final order ہم نہیں نکالتے، 'Final' لفظ تو پھر کم از کم کچھ ٹائم تو اس کیلئے رکھیں کہ اتنے ٹائم میں وہ اس کیس کو فیصلہ کرے تاکہ اس کے بعد وہ ٹریبونل میں چلا جا سکے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب پلیز۔

وزیر قانون: مہربانی۔ ایسا ہے جی کہ اس پہ تو لاء بڑا کلیئر ہے، تمام صوبوں میں بھی یہی لاء ہے اور اس کا یہ ہے کہ ابھی اگر Interim order کے خلاف لوگ سروس ٹریبونل میں جانا شروع ہو گئے تو دس سالوں میں کوئی ایک انکوائری Finalize نہیں ہو گی۔ Final order اسلئے ہے کہ ایک انکوائری ہے تاکہ وہ Conclusive stage پر آ جائے، Conclude ہو جائے، پھر اس کے پاس اپیل کا وقت ہے اور پھر سروس ٹریبونل جا سکتا ہے، ایک مہینے کے اندر اپیل کر سکتا ہے، تین مہینے کے اندر اور اس کے بعد اس کے پاس Ninety days ہوتے ہیں کہ وہ جائے، سروس ٹریبونل میں اپیل کرے اور اگر غلط اس کے خلاف

فیصلہ ہوا ہے تو سروس ٹریبونل میجارٹی کیسز میں بحال کریگی، تو فی الحال میرا خیال ہے، میں ریکویسٹ کرونگا کہ یہ ہمارے پارلیمنٹری لیڈر ہیں، کہیں پر ہم آپ کی سن لیتے ہیں، کہیں پر آپ ہماری ریکوسٹ سنیں اور یہ واپس لے لیں۔

جناب سپیکر: جی آنریبل عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، مجھے تو اس کا مستقبل معلوم ہے، اسلئے میں اس کو Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, the Bill is withdrawn. Mr. Abdul Akbar Khan, to please move for leave of the House to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Sacked Employees (Re-instatement) Bill, 2011 under rule 77 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules 1988.

یہ وہی نہیں ہے جو بشیر بلور صاحب نے اس دن۔۔۔۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی آنریبل سینئر منسٹر بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، پہلے بھی عبدالاکبر خان سے اس پہ بات ہوئی تھی، اس کیلئے ہم نے کمیٹی بھی بنائی ہوئی ہے، یہ کیبنٹ نے کمیٹی بنائی ہے اور اس پر ہم نے تین چار میٹنگز کی ہیں۔ عبدالاکبر خان اس میں ممبر بھی ہیں اور میں نے یہاں پر فلور آف دی ہاؤس پہ کہا تھا کہ انشاء اللہ ہم دس تاریخ کو اس پر میٹنگ کریں گے تو دس تاریخ کو چونکہ ہماری ایک دوسری میٹنگ ہے، گیارہ تاریخ کو میں نے میٹنگ بلالی ہے اور اس میں بیٹھ کر انشاء اللہ جو فیصلہ وہ کریں گے اور انشاء اللہ اچھا ہی فیصلہ ہو گا تو اسلئے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ پیش نہ کریں تو مہربانی ہو گی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! جب آنریبل منسٹر نے دس تاریخ کا اس دن کہا تھا، چونکہ مجھے اس سے پہلے پتہ نہیں تھا اس میٹنگ کا تو اس کو فی الحال وہ کر دیتے ہیں۔

Mr. Speaker: Withdrawn?

جناب عبدالاکبر خان: نہیں پینڈنگ کر لیتا ہوں۔

سینئر وزیر (بلدیات): پینڈنگ نہیں، Withdraw کر لیں، پینڈنگ کیسے کریں گے؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں تو پھر لائیں گے، پھر اگر آپ۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): پینڈنگ-----

جناب عبدالاکبر خان: نہیں آپ-----

سینیئر وزیر (بلدیات): پینڈنگ نہیں، یہ پینڈنگ اسلئے ہم نہیں مانتے کہ اگر ہمارا فیصلہ، (مداخلت) نہیں، ہاؤس سے پھر پوچھیں، پھر بات خراب ہو جائیگی تو میں یہی کہتا ہوں کہ آپ Withdraw کریں نا، پینڈنگ نہ کریں۔ میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ Withdraw کریں، پینڈنگ نہ کریں، جب فیصلہ ہو جائے تو پھر لے آئینگے نا بل، بل لانا کوئی مشکل بات نہیں ہے، بل گورنمنٹ لائے گی۔

جناب عبدالاکبر خان: سپیکر صاحب! چونکہ وہ کہتے ہیں کہ جب فیصلہ ہو جائے تو پھر دوسرا بل لے آئینگے۔

Mr. Speaker: Withdrawn?

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

Mr. Speaker: Withdrawn, the Bill is withdrawn, withdrawn.

قراردادیں

Mr. Speaker: ShahziaTahmash Khan, Sanjeeda Yousaf, Naeema Nisar and Mehr Sultana Bibi, to please move their joint resolution No. 587, one by one. Shazia Tahmash, please.

محترمہ شازیہ طہماس خان: جناب سپیکر، اس معزز ایوان کی وساطت سے کہ چونکہ پاکستان میں ہر سال خواتین کی ایک بڑی تعداد During pregnancy مختلف بیماریوں کی وجہ سے معذوری یا موت کا شکار ہو جاتی ہیں جس کا بروقت اور مناسب علاج کے ذریعے تدارک ممکن ہے۔ اس ضمن میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے 17 جون 2009 کو اپنے گیارہویں اجلاس میں Pregnancy کے دوران اموات اور معذوری کی روک تھام کی خاطر ایک قرارداد (A/HRC/11/L-16) منظور کی تھی جس کی تجدید بعد میں یکم اکتوبر 2010 کو جنیوا میں ایک اور قرارداد کے ذریعے کی گئی، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وہ اقوام متحدہ کی مذکورہ قرارداد پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے کیونکہ حکومت پاکستان نے بھی بحیثیت رکن انسانی حقوق کونسل اس قرارداد کی منظوری میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

جناب سپیکر، Basically یہ قرارداد Maternal mortality ratio کے حوالے سے ہے اور یہ Alarming situation ہے کہ پورے پاکستان میں KPK کی تیسری پوزیشن ہے اور وجہ یہ ہے

کہ اس طرح کے کیسز ہوں تو تقریباً ہر ہزار میں چار سو کے قریب خواتین موت کا شکار ہو جاتی ہیں کیونکہ مناسب Facilities کا بھی فقدان ہے اور ادویات کا بھی، لہذا ہم نے اس ریزولیوشن میں وفاقی حکومت سے سفارش کی ہے کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد چونکہ یہ ہیلتھ اور بہبود آبادی دونوں Devolved ہو کر صوبوں کے پاس آ گئے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ابھی کچھ فنکشنز فیڈرل گورنمنٹ کے پاس ہیں، لہذا ہم نے اس قرارداد میں وفاق سے گزارش کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں حکومت خیبر پختونخوا کی زیادہ سے زیادہ مدد کرے اور امید ہے کہ وہ اس پر توجہ دیں گے۔

جناب سپیکر: سنجیدہ یوسف، نعیمہ نثار۔ قرارداد تو انہوں نے پڑھ لی ہے، اس پر آپ دو باتیں اگر کرنا چاہیں تو میرے خیال میں وہ بہتر رہے گا۔

محترمہ سنجیدہ یوسف: ٹھیک ہے سر، انہوں نے کر دی۔

جناب سپیکر: Same, same قرارداد۔

محترمہ سنجیدہ یوسف: ہاں جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ مہر سلطانہ۔

محترمہ مہر سلطانہ: جناب سپیکر صاحب، میں بھی اس کی تائید کرتی ہوں۔ چونکہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے تو چاہیئے کہ اس پر عملدرآمد کیا جائے کیونکہ یہ خواتین سے Related مسئلہ ہے اور زیادہ پرابلم بنا ہوا ہے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب پلیز۔

وزیر قانون: بالکل جی، مونږ د دے قرارداد حمایت کوؤ خو صرف د هاؤس د انفارمیشن د پاره چه په دے وخت کښے دوه درے داسے پروګرامز روان دی، MNCH (Mother and Child Health Care) یو ډیر غټ پروګرام دے، هغه په دے ملک کښے روان دے۔ د هغے نه علاوه National Programme for Family Planning and Primary Health Care او بیا District conditional grants چه کوم دی، هغه هم د Mother and Children د پاره یو دغه روان وو خو مونږه باوجود دے پرګرامونو حمایت کوؤ د دے قرارداد۔

Mr. Speaker: Thank you. The Motion before the House is that the joint resolution moved by the honorable Members may be passed?

Those who are in favor of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Syed Jafar Shah, to please move his resolution No. 606, please.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ جناب سپیکر، یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ انڈس کوہستان اور دیر کے بعض علاقوں کے طرز پر ملاکنڈ ڈویژن کے جنگلاتی علاقہ جات کے مراعات یافتہ گان یعنی Royalty holders کو بھی لکڑی کی فروخت سے حاصل شدہ آمدن میں سے 80% رائلٹی کا حقدار قرار دیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا داسے دہ چہ پہ هغه ځائے کښے چہ د خلقو زیات دارومدار په ځنګلاتو باندے دے ، د هغوی د رزق ګټولو واحده ذریعه ده نو زما به ریکویسټ وی ګورنمنټ ته او دے هاؤس ته چه د هغوی د بچونه د رزق دا نوړئ نه اخلی او دا قرارداد د متفقه منظور کړی ځکه چه په کافی علاقو کښے هم دغه شان 80% شوے ده۔

جناب سپیکر: جی آنریبل سینئر منسٹر، بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، زهٔ د جعفر شاه صاحب ډیر احترام کوم او دا ټھیک خبره هم ده چه د دوئ په علاقه کښے ډیرو خلقو ته تکلیف هم دے ، 60% رائلټی چه هغوی ته ملاویږی، لګیا ده او ځه علاقے داسے شته چه هغوی ته 80% ، ځه لږ غوندے داسے علاقے شته چه 80% ملاویږی۔ زهٔ د دوئ سره دا هغه کوم چه انشاء الله زهٔ به دا فنانس سیکرټری ته هم واستومه او لاء منسټری ته به ئے هم واستوم چه زمونږ د وسه ځه کیدے شی نو انشاء الله مونږ به کوشش کوؤ چه دوئ Accommodate شی خو دا زهٔ وعده نه کوم نو انشاء الله کوشش کوؤ ، ولے چه په دیکښے Finances involve دی او ځه 80% او 60%، چه تاسو 80% کوئ نو بیا د فنانس نه به تپوس کوؤ، لاء ډیپارټمنټ ته به ځی او چه د هغوی نه کلیئرنس راشی نو په سر سترګو د دوئ علاقه چه ده، د دوئ خلق دی، د دوئ د حلقے خلق دی، د هغوی دا ډیمانډ دے او دا زمونږ ډیر Respectable

Member دے ، مونږ به کوشش کوؤ چه هر څنګه وی چه دا Accommodate کړو۔

جناب سپیکر: اوس د دے سره څه اوکړو ، Pending or withdrawn ؟

سینیئر وزیر(بلدیات): بس ، دا به Withdraw کړی جی ، بیا به خبره کوؤ۔

جناب جعفر شاہ: نه جی ، دا سے به اوکړو چه۔۔۔۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: Thank you very much Sir۔ مونږ د کم از کم Recommendations ورکړو د حکومت د طرف نه فنانس ډیپارټمنټ ، فارسټ اینډ لا ء ډیپارټمنټ ته چه هغوی Favourable consideration ورته ورکړی ځکه چه په یو کوټه کښے خلق اوړے ژمے بیا څنګه تیر کړی۔

سینیئر وزیر(بلدیات): سپیکر صاحب، ما خو خبره اوکړه خو که دوئ دا سے کوی، که هاؤس ته ئے Put کومه، هاؤس به ورته انکار اوکړی نو زهٔ دا وایمه چه دوئ د واپس واخلی۔

جناب جعفر شاہ: نه جی، ستا سو په Favour کښے وایمه۔

سینیئر وزیر(بلدیات): دوئ د واپس واخلی او زهٔ به ئے فنانس او لا ء ډیپارټمنټ ته واستوم، ولے چه مخکښے یو ځل د دے سمری تلے ده، زما سره پوره ریکارډ شته۔ ما نه غوښتل چه دا اووایم چه نه کومه او بیا هغه سمری تلے وه جی، د دوئ مخکښے هم ریکویسټ وو او دا تقریباً په کیبنټ کښے هم پیش شوے وو او په کیبنټ کښے دا فیصله شوے وه، په 23-07-2010 باندے کیبنټ فیصله کړے وه چه نه مونږه دا نه شو ورکولے چه دا ورکړو نو مونږ ته پرابلم جوړیږی، نو په دے وجه باندے ما دا Open reject کولو نه بلکه ما وئیل چه بیا به هم مونږه کوشش اوکړو چه مونږه څه هیلپ کولے شو نو ضرور به کوؤ۔

جناب جعفر شاہ: خو د دے Recommendation به کوؤ۔۔۔۔

سینیئر وزیر(بلدیات): خو دا ده چه دا که دا دغه کړی نو دا خو کیبنټ Already یو ځل Reject کړے دے خو زهٔ به بیا هم کوشش کوم چه دا موؤ کړو او بیا کیبنټ ته

هم دا وایو چه د دوئ دا کار، خدائے د اوکړی چه اوشی، مونږ به کوشش کوؤ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب!

سینئر وزیر(بلدیات): دا د Withdraw کړی نو انشاء اللہ مونږ به کوشش کوؤ۔

جناب جعفر شاہ: بس ٹھیک دہ جی خو With recommendations۔

Mr. Speaker: Withdrawn, withdrawn?

Mr. Jafar Shah: With recommendations by sending to the Finance Department.

داسے تاسو اووایئ کنه چه فنانس ډیپارټمنټ ته به اولیږو د Comments د پاره۔

سینئر وزیر (بلدیات): ما خو عرض اوکړو چه دا به فنانس ډیپارټمنټ، لاء ډیپارټمنټ او بیا به کیبنټ ته ځی خو اوس دا Already closed case دے، کیبنټ د دے نه انکار کړے دے خو بیا به Reopen کوؤ او هلته کوشش کوؤ چه څه ورله اوکړو چه اوشی نو ټهیک دہ، که اونه شی نو معذرت۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: چه اوشی نو ښهٔ به شی، ډیره مهربانی۔

سینئر وزیر(بلدیات): کوشش به کوؤ انشاء اللہ خو دا دہ چه دوئ د واپس واخلی۔

Mr. Speaker: Ji withdrawn?

جناب جعفر شاہ: Withdraw به کړو۔

Mr. Speaker: Withdrawn, withdrawn. Mr. Saqibullah Khan, to please move your resolution.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔

This Assembly demands from the management of PESCO to issue correct electricity bills in time and at the start of every month in order to facilitate general public, particularly the salaried class to make timely bills payment

جناب سپیکر صاحب، دا یو ډیره اهم مسئله دہ جی او خاصکر زمونږ چه کومه تنخواه داره طبقه دہ، د هغوی د پاره جی۔ سر، که تاسو د پیښور بلونه راواخلئ نو په دیکښے جی بلونه پرنټ کیږی په 13 تاریخ باندے، په 13 او 14

تاریخ باندے د هرے میاشت بلونه دوئ پرنټ کړی۔ سر، بیا چه دا Distribute کیږی نو په هغے کښے هفته خامخا لګی، دوه درے ورځے خو لګی لګی نو هلته چه اورسی نو دا 18 تاریخ، 15 او 18 تاریخ وی او په دے باندے بیا تاریخ ورکړی چه 25 او 24 تاریخ د دے Due date وی نو سر، وړومبئ خبره داسے ده چه تنخواه داره طبقه چه څومره ده جی او نن سبا چه کوم دا اکنامک مسئلے دی سر، د اقتصادیاتو چه څومره مسئلے دی نو هغوی ته چه څنګه تنخواه ملاؤ شی نو هغه په قرضو کښے لاړه شی۔ دویم جی دوئ ورله دومره ډیر ټائم ورکوی نه۔ جناب سپیکر صاحب، دومره ډیر ټائم ورکوی نه چه هغوی لږ په آرام دا بلونه ورکړی۔ زما ریکویسټ دا دے چه دوئ د په وړومبئ هفته کښے، په First week کښے د بلونه ورکوی او د هغے نه پس د یو درے هفتے ورکوی چه تنخواه دار طبقه تلے شی او دا بلونه په ټائم باندے جمع کوی۔ جناب سپیکر صاحب، چه بلونه په ټائم باندے کړی۔ دویم سر، یوه لویه مسئله په دیکښے بله ده جی، 99% بلونه دوئ په توکل لیږی ریډران، بل دا چه کوم میټر چیکرز دی، هغه نه راځی نو په تک باندے ئے دغه کوی جی نو تنخواه داره طبقه به خپل دفتر ته ځی، کاروباری سړے به کاروبار کوی، که د دوئ په دفترو کښے به د Correction د پاره ګرځی؟ سر، زما ریکویسټ دا دے چه مونږه د دے اسمبلئ د طرف نه یو ډیمانډ اوکړو او سر، ډیمانډ ځکه وایم چه دا ریکویسټ نه دے، دوئ غلط بلونه هم رالیږی او دومره ټائم هم نه ورکوی، دوئ غواړی چه خلق Default کړی۔ یو څلور ورځے دی، په څلورو ورځو کښے به څنګه تاسو بل دغه کوئ نو سر، زما ریکویسټ دا دے چه که دا سپورټ شی او د دوئ نه ډیمانډ اوکړو چه دا د Correct شی جی۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر</u>: دا احمد خان بهادر هم ډیره موده پس پاڅیدو، ستاسو سره څه ګپ شپ۔ جی احمد خان بهادر صاحب۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: Thank you, Mr. Speaker۔ وختی هم پاڅیدلے ووم جی۔ جناب والا، ثاقب خان د دے بلونو په باره کښے خبره اوکړه۔ داسے ده جی چه په دیکښے هیڅ شک نشته چه بلونه زیات تر غلط وی خو دے ځل له Specially په

مردان کښے یوه بله سنګین غلطی شوے ده او جناب والا، هغه دا شوے ده چه کوم بلونه راغلی دی نو د تیر شوی بل چه کوم Present reading وو، پکار وه چه په دے بل کښے هغه Previous reading show شی، د تیرے شوے میاشتے هغه Present reading چه کوم وو، په دے میاشت کښے د هغے نه هم شا ته اغستے دے او په یو عام سړی پسے ئے شل شل زره او پینځویشت پینځویشت زره روپۍ رالیږلی دی۔ بل دا پرابلم ئے کړے دے جی چه د هغے د پاسه ئے ورته لیکلی دی چه اخری نوټس او دوه یا درے ورځے پکښے وے نو چه په مینځ کښے پکښے خالی اتوار راغے نو هغه خلقو ته ډیر زیات تکلیف وو۔ جناب والا، زهٔ د ثاقب صاحب د دے خبرو سره Agree کوم او په دیکښے زهٔ یو خبره Add کوم جی چه دا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا خو به ریزولیوشن Amend کوئ بیا؟

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: جی۔ د هغے سره جناب والا، یو ګزارش دا کومه، که چرے پیسکو ته دا اووئیلے شی چه تاسو دا کوئ، جناب والا! چه پیسکو ته دا اووئیلے شی چه تاسو داسے کوئ، څنګه چه د دے میټر کارډ به وو د نن نه څه موده مخکښے او د میټر سره به۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: او اوس چه دے، دا نوے لوبه شوه، تهٔ اوس نوے لوبه د شروع کړه۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: جناب والا! هم دغه یوه خبره ده، د Over billing خبره ده او هغه مسئله ده جی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: تهٔ خپلے څه لیکلے به راکوے چه نوے خبره کوے چه هغه څه وئیلی دی، هغه سپورټ کوے، په هغے کښے خبره اوکړه۔

<u>جناب احمد خان بہادر</u>: جناب والا! مکمل ئے سپورټ کوم خو دا پکښے Add کول غواړم جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: Add کیږی اوس دے ټائم کښے نه۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: جناب سپیکر صاحب! که ما له یو منټ اجازت راکړئ؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، زما په خیال کښے چه احمد خان کومه خبره کوی، هغه زما په ریزولیوشن کښے Cover کیږی۔ مونږ دا وایو چه Correct بلونه د هم راا ولیږی او په ټائم د رالیږی۔ د دوئ چه کومه مسئله ده، دا د Incorrect بلونو سره ده نو زما خیال دے چه هغه په دیکښے Cover کیږی۔

جناب سپیکر: په دیکښے Cover کیږی جی، آنریبل لاء منسټر صاحب؟

وزیر قانون: بالکل جی، دا احمد خان بهادر که بیا چرته اضافی نور شیزونه راولی، دوئ د خپل قرارداد راولی خو په دیکښے د ډیر حده پورے دا هر څه Cover کیږی او مونږه ئے سپورټ کوؤ جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Member may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: Mr. Abdul Sattar Khan and Javed Abassi, to please move their joint resolution.

لیکن یہ تھوڑا تھوڑا، جاوید عباسی صاحب! اس میں بڑا فرق لگ رہا ہے، وہ تو اپنا پورا الیکشن ایجنڈا پیش کر رہا ہے۔ نہیں۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، صرف ریزولیوشن۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، صرف ریزولیوشن پڑھے گا اور چارٹر آف ڈیمانڈ ساتھ ہے۔

جناب سپیکر: یہ تو پورا اس کا الیکشن ایجنڈا ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، اس کو نہیں پڑھے گا، صرف ریزولیوشن کو پڑھے گا سر، اس کو نہیں پڑھے گا۔

جناب سپیکر: ہں؟

جناب محمد جاوید عباسی: سر، ریزولیوشن پڑھے گا۔

جناب سپیکر: یہ اوپر والی ریزولیوشن، یہ نیچے والی آپ نہیں پڑھیں گے ؟

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، صرف اوپر والی ریزولیوشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو پھر یہ میں پھینک دوں نا؟

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، بس صرف ریزولیوشن پڑھیں گے جی۔

جناب سپیکر: اور وہ ریزولیوشن بھی پورے ایک گھنٹے کی ہے۔

جناب عبدالستار خان: یہ ہاؤس، جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی عبدالستار خان۔

جناب عبدالستار خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یہ اسمبلی قرار دیتی ہے کہ کوہستان کے عوام اور ارض کوہستان پاکستان میں توانائی اور بجلی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے میں عظیم قربانیاں اور تاریخی کردار ادا کرتے ہیں، جس کا واضح ثبوت مجوزہ بھاشا ڈیم اور داسو ڈیم کی تعمیر ہے۔ بھاشا ڈیم صوبہ خیبر پختونخوا کا بڑا منصوبہ ہے۔ بھاشا ڈیم کی تعمیر سے صوبے کی بجلی کی پیداوار کی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ بھاشا ڈیم کی اہمیت اور موجودہ پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے عوام اور صوبہ خیبر پختونخوا کی حکومت بے چینی سے بھاشا ڈیم کی تعمیر کے منتظر ہیں مگر منصوبے کا افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ابھی تک ضلع کوہستان کے مالکان اراضی کو اپنی املاک اور قطعہ اراضی کا معاوضہ ادا نہیں کیا گیا ہے اور یہ کہ اس صوبے کا تقریباً آٹھ کلو میٹر علاقہ متنازعہ قرار دیا گیا ہے حالانکہ سروے آف پاکستان حد بندی نوٹیفکیشن 1955 کے مطابق یہ آٹھ کلو میٹر کا علاقہ کوہستان میں شامل ہے اور آج تک کوہستان انتظامیہ کے کنٹرول میں ہے مگر صوبہ گلگت بلتستان کے لوگوں نے صرف زمین کا دعویٰ کیا ہے۔ تصفیے سے قبل متنازعہ آٹھ کلو میٹر علاقے کا معاوضہ ادا کیا جا رہا ہے۔ مزید یہ کہ وفاقی حکومت نے ایک باؤنڈری کمیشن تشکیل دیا ہے، کمیشن کے فیصلے سے قبل غیر مالک اور گلگت بلتستان کو زمین کا معاوضہ ادا کرنا قانون اور آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہے، نیز یہ صوبہ خیبر پختونخوا کے مستقبل کے مفادات کو متاثر کرنے کی مذموم کوشش ہے۔ تمام ضروری دستاویزات سے ثابت ہے کہ بھاشا ہربن کا یہ آٹھ کلو میٹر علاقہ کوہستان کا اٹوٹ انگ ہے، لہذا خیبر پختونخوا کی یہ اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ قرارداد ہذا سے منسلکہ کوہستانی قوم کی تیرہ نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ کو تسلیم کیا جائے۔ نمبر 2، بھاشا ڈیم کے زیر استعمال ضلع کوہستان کے مالکان اراضی کو جلد از جلد طے شدہ قیمت ادا کی جائے۔ نمبر 3، سرحدی تصفیے کے کمیشن کو پابند کیا جائے کہ وہ جلد از جلد اپنا منصفانہ فیصلہ

صادر فرمائے۔ نمبر 4، جب تک متنازعہ علاقے کا تصفیہ نہیں ہو جاتا، آٹھ کلومیٹر علاقے کا معاوضہ گلگت بلتستان کے لوگوں کو ادا نہ کیا جائے۔ نمبر 5۔ واپڈا نے جان بوجھ کر اس عظیم منصوبے کو متنازعہ بنایا ہے۔ بھاشا کے مقام پر واقع بھوش داستا بصری باؤنڈری KKH کی متبادل سڑک کیلئے چار سو کنال زمین Acquire کی ہے۔ زمین کی قیمت کو جلد از جلد مالکان اراضی ہربن بھاشا کو ادا کی جائے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: بس، ابھی تقریر نہ کریں، آپ بیٹھ جائیں۔ یہ بات ایسی ہے کہ اتنی بڑی چیز، ریزولیوشن بھی لاتے ہیں اور At the eleventh hour لاتے ہیں تو۔۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: میں دوبارہ پیش نہیں کرونگا، میں ایک دو باتیں کرونگا۔

جناب سپیکر: آپ بھی تقریر نہ کریں، دو باتیں کریں۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی سر، مہربانی کریں جناب، آپ ہماری تقریر اور ہمیں بالکل، یہ بڑا ظلم ہے کہ مجھے تو اس پورے سیشن میں بولنے نہیں دیا گیا۔ (قہقہہ) اور یہ میرے ساتھ ایسا ظلم اور زیادتی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: حالانکہ میں جانتا ہوں کہ آپ کسی کے ساتھ زیادتی کرتے نہیں ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بیرسٹر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ ایک اچھا دل رکھنے والے آدمی ہیں اور آپ نے ہمیشہ ہمارا بڑا خیال رکھا ہے تو جناب سپیکر، یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بیرسٹر صاحب! بیرسٹر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی سر۔ سر، ایک منٹ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان اور اسرار اللہ خان گنڈاپور جو ہیں، ان کی شاگردی تھوڑی کر لیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، میں پہلے سے عبدالاکبر خان کا شاگرد ہوں۔

جناب سپیکر: یہ نہیں، یہ آپ بہت صحیح ذہن والے ہیں اور پڑھے لکھے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر! آپ کا ہمارے اوپر نظر کرم نہیں ہے اور سر، باقی معاملات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس ہاؤس کو، اس August House کو ہم آپ کا فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، کاش جیسا عبدالاکبر کے اوپر نظر کرم ہے، اس کا پانچ فیصد بھی ہمارے اوپر ہو تو حالات بدل جائیں گے جناب سپیکر۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر، کتنا کرم چاہیئے، کتنا کرم چاہیئے۔ (قہقہہ) کرم کا اندازہ تو بتایئے کہ آج نچاور کر دیں، کتنا چاہیئے؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب کا کتنا کرم چاہیئے؟

جناب محمد جاوید عباسی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، جاوید عباسی صاحب پلیز۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، میاں صاحب کی اس بات پر ایک شعر یاد آگیا ہے اور جناب سپیکر، اگر آپ اجازت دیں کہ:

؎ کیا زمانہ تھا کہ ہم روز ملا کرتے تھے رات بھر چاند کے ہمراہ پھرا کرتے تھے
اتفاقاتِ زمانہ بھی عجب ہیں میاں صاحب آج وہ دیکھ رہے ہیں جو سنا کرتے تھے

(قہقہے)

(نعرہ ہائے تحسین)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تھوڑی تازگی کیلئے، آپ بھی تھوڑا۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر!

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، یہ جو قرارداد آئی ہے، مہربانی کرنی ہے اور میں چاہونگا کہ حکومت والے بھی اس معاملے کو بڑا سیریس لیں کیونکہ یہ بہت اہم معاملہ ہے اور ہمارے صوبے سے اس کا تعلق ہے، یہ بات صرف کوہستان کی نہیں ہے بلکہ یہ بات خیبر پختونخوا پراونس کی ہے اور یہ ایک سازش تھی ایک ڈکٹیٹر کے زمانے میں، یہ اس وقت اعلان ہوا تھا کہ یہ جو جگہ ہے، یہ خیبر پختونخوا اور اس وقت

ہمارے صوبے کا جو نام تھا، این ڈبلیو ایف پی، اس کی جگہ تھی مگر جناب سپیکر، صرف گلگت اور بلتستان کے لوگوں کو خوش کرنے کیلئے یہ آٹھ کلو میٹر ایک Disputed Territory کو create کیا گیا۔ جناب سپیکر، کیوں کیا گیا ہے؟ مجھے نہیں پتہ کہ اس کے پیچھے بیک گراؤنڈ کیا تھا لیکن آج یہ جو پاور ہاؤس ہے جناب سپیکر، یہ چونکہ Constitutional بات ہے کہ اگر آج یہ پاور ہاؤس، جس حکومت کے وزیروں کا یہ حال ہو کہ سیریس نہ لے رہے ہو باتوں کو، (قہقہے) تو انہوں نے صوبے کو کیا Protect کرنا ہے؟ بڑی بڑی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: قاضی صاحب! قاضی صاحب، یہ آپ کو بتا رہے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: یہ بڑی زیادتی ہے، بڑا دکھ ہے، بڑا افسوس ہے۔ آج جب ہم صوبے کے حقوق کی بات کر رہے ہیں تو ہم چاہتے ہیں کہ یہ ہماری بات کا جواب دیں۔ جناب سپیکر، یہ پاور ہاؤس، اگر اس کو As disputed property نہ مانا گیا اور یہ غلطی سے بلتستان کے علاقے میں لگ گیا تو جناب سپیکر، پھر رائلٹی اس سے اربوں روپے ہو گی۔ آج جناب بشیر بلور صاحب، سب سے بڑی آمدنی اگر آج اس صوبے میں ہے جناب سپیکر، تو آج تربیلہ ڈیم کی رائلٹی ہے جس پر آج ہم فخر کرتے ہیں اور وہ پیسہ آتا ہے تو ان لوگوں نے قربانیاں دی تھیں۔ آج اگر یہ پاور ہاؤس گلگت اور بلتستان کے اندر لگا دیا گیا تو بہت بڑی آمدنی سے ہمارا یہ صوبہ محروم ہو جائیگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ Important تو اور کوئی بات نہیں ہے کہ ہم آج سارے کھڑے ہو کر اس بات کو سپورٹ کریں کہ سارے Reservoirs جناب سپیکر، جو بنیں گے، وہ اس علاقے میں بنیں گے، ایک ظلم اور زیادتی کے ساتھ پاور ہاؤس کو ایک ایسی جگہ لگایا جا رہا ہے، یہ اس صوبے کو بہت بڑی آمدنی سے محروم کرنے کا ایک بہت خطرناک منصوبہ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ الحمد للہ آج اس صوبے کے اندر جمہوری حکومت ہے تو مجھے یقین ہے کہ آج اس صوبے کے آمدنی والے معاملات میں یہ ہمارے ساتھ کھڑے ہونگے اور مجھے یقین ہے، ہم نہیں چاہتے کہ اس ڈیم کو Dispute بنایا جائے، ہم نہیں چاہتے کہ بجلی کا بڑا بحران ہو، ہم چاہتے ہیں، ہم تو زمانے سے چاہتے تھے کہ اس صوبے کے اندر اور اس ملک کے اندر ڈیمز بنائے جائیں اور ہم نے ہمیشہ ڈیمز بنانے کی حمایت کی ہے، ہم چلا رہے ہیں کہ پاکستان کے اندر ڈیمز بنائے جائیں، صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر ڈیمز بنائے جائیں۔ جب ہزارہ کی دھرتی پر یہ ڈیمز بنائے جا رہے تھے، ہم نے بڑی قربانیاں دی ہیں، ہم نے اپنے بچوں کو قربان کیا ہے، ہم نے اپنے Families کو تباہ کیا ہے اور جب یہاں ڈیم بنانے کی بات آئی، یہاں جب ڈیم بنانے کی بات آئی،

وہ بڑی کڑوی تاریخ ہے جناب سپیکر، میں بیان نہیں کر سکتا، اس وقت کاش ہمارا ماحول ایسا ہو کہ ہم کسی ایک ڈسٹرکٹ کیلئے نہ سوچیں، ہم کسی ایک پارٹی کیلئے نہ سوچیں، ہم سوچیں تو اس ملک اور اس صوبے کیلئے سوچیں، یہ ہماری سوچ ہونا چاہیئے تھی۔ یہ ہماری سوچ ہے الحمدللہ اور اگر وہ ڈیمز بنائے جاتے جناب سپیکر، تو آج آٹھ آٹھ گھنٹے، دس دس گھنٹے، بارہ بارہ گھنٹے لوگ بجلی کے بغیر زندگیاں بسر نہ کر رہے ہوتے لیکن لوگوں نے مشکلات میں یہ معاملہ نہیں ہونے دیا حالانکہ ہونا چاہیئے تھا۔ میری آج گزارش ہے جناب،۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you.

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> ہم اس کو Disputed نہیں کرنا چاہتے لیکن جناب سپیکر، یہاں سے آج ایک ریزولیوشن بھی جائے، ابھی تک وہ ٹیکنیکل کام پڑا ہوا ہے اور جناب سپیکر، ڈیم پر فزیکل کام ابھی تک وہاں پہ شروع نہیں ہوا لیکن وہ مالکان جن کا تعلق گلگت بلتستان سے ہے، ان کو فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے پیسے دیئے جا رہے ہیں کہ زمین ان کی ہے، اگر یہ معاملہ یہاں نہ روکا گیا تو یہ کوہستان کے عوام بھی باہر نکلیں گے، صوبے کے عوام بھی باہر نکلیں گے اور ہم اپنے حق کیلئے مر مٹیں گے لیکن صوبے کے ساتھ یہ زیادتی نہیں ہونے دینگے، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ شکریہ، تھینک یو۔ نگہت اورکزئی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، یہ چونکہ سب کا مشترکہ معاملہ ہے اور اس صوبے میں چونکہ تمام پارٹیاں ہیں تو گورنمنٹ کو بھی انہیں اعتماد میں لینا چاہیئے تھا اور دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر، آج مجھے آپ سے گلہ کرنا پڑ رہا ہے کہ آپ ایک ریزولیوشن پہ گھنٹہ ٹائم تقریر کیلئے دیتے ہیں لیکن جب نگہت اورکزئی یا کوئی اور بات کرتا ہے تو آپ کہتے ہیں کہ ریزولیوشن پہ تقریر نہ کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جب بغیر موقع کے بھی آپ کو موقع دے رہا ہوں تو کیا خوش نہیں ہوتیں؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> نہیں، وہ تو آپ کی مہربانی ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، تمام ہاؤس کا Consensus ہونا چاہیئے تھا۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی بشیر بلور صاحب! حکومت کی طرف سے جی۔ آنریبل بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> سپیکر صاحب، میں حیران ہوں کہ ہمارے عباسی صاحب ذمہ دار پارلیمنٹرین ہیں، جب آدمی اپنا کوئی کام کرانا چاہتا ہے تو وہ اچھے طریقے سے بات کرتا ہے، وہ پرانی باتیں دوبارہ لے آئے کہ فلاں ہوتا تو یہ ہو جاتا، فلاں ہوتا تو یہ ہو جاتا، تو ہم یہ کہتے ہیں کہ اگر فلاں آپ بنا لیتے تو ہمیں ڈبو کے آپ

اپنے، اگر آپ پنجاب میں خالی رائلٹی کیلئے بات کرتے کالا باغ ڈیم بنانے کی، تو اس کیلئے تو ہمارے وزیروں نے کہہ دیا اور ہمارے تو مرکزی وزیر نے کہہ دیا ہے کہ یہ ایک مردہ گھوڑا ہے، ہم نے اس کو دفن کر دیا ہے۔ سر، میں ان کا شکر گزار ہوں، ہمارے جو واپڈا کے فیڈرل منسٹر تھے، واٹر اینڈ پاور کے، تو ایک غلط بات کو دوبارہ Revive کرنا اور پھر ہم سے یہ ایک بات کہنا کہ ہم آپ کے ساتھ کوآپریشن کرتے ہیں، آپ کے ساتھ کوآپریشن کی بات نہیں ہے، میرے صوبے کی بات ہو تو میں سب سے پہلے تیار ہوں، ہم سب سے پہلے قربانی دینے کیلئے تیار ہیں، اگر ہمارے صوبے کی بات ہو۔ یہ جو بات کرتے ہیں چالیس ہزار میگاواٹ کی، میرے پاس ریکارڈ ہے، میں لے کر آیا ہوں کہ چالیس ہزار میگاواٹ ڈیم بنانے کی جب بات ہوئی تو اس وقت بنا لیتے نا؟ دو دفعہ تو پرائم منسٹر آپ کا آیا، آپ اس وقت ایک ڈیم بنا لیتے نا؟ (تالیاں) آج ہمیں آپ طعنے دے رہے ہیں کہ آپ نے یہ کیا ہوتا تو ہم یہ کر لیتے، تو جس وقت آپ کا پرائم منسٹر آیا، اس نے ایک ڈیم بنایا، ایک یونٹ بجلی آپ نے اس وقت پیدا نہیں کی تو بنا لیتے نا، اس وقت بھاشا ڈیم بنا لیتے نا کہ آج بھاشا ڈیم کیلئے آپ رو رہے ہیں؟ (تالیاں) تو ایسی باتیں نہ کریں، اس کے باوجود کہ یہ جو قرارداد ہے، چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ پارٹی کے پارلیمانی لیڈروں کے ساتھ مل بیٹھ کر یہ قرارداد لکھتے، اس پر ہماری بھی کوئی بات ہوتی، میاں صاحب کے ساتھ بیٹھ کر لکھتے اور بہتر تو یہ ہوتا کہ یہ اکٹھے Unanimous قرارداد لکھی جاتی اور وہ پیش کی جاتی۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس میں کوئی ایسی بات غلط ہے بھی نہیں، صرف اس میں جو ان کا، یہ جو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس کو پینڈنگ کریں۔ آپ آپس میں بیٹھ کے، سارے پارلیمانی لیڈرز اس پہ بیٹھ کے۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: نہیں، میں صرف یہ کہتا ہوں، آپ نے قرارداد پڑھی ہے، اس میں اگر آپ پڑھیں تو اس میں جو سیریل نمبر 1 ہے، اس کو Amend کیا جائے، اس کو Delete کیا جائے سیریل نمبر 1۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ ایسا ہے کہ آپ لوگ بیٹھ جائیں، میرے پاس کافی ایجنڈا ہے۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر سیریل نمبر 1 کو Delete کیا جائے تو ہمیں پاس کرنے پہ کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی آپ۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، اگر آپ کی حکومت کو سیریل نمبر 1 پہ اعتراض ہے تو اس کو بے شک Delete کر دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، اس پہ بات نہ کریں۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہم نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ Consensus پیدا کر کے آپس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپس میں آپ بیٹھتے ہیں یا اس کو۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ بات تو ریکارڈ پر ہے کہ سب سے زیادہ کوشش ہم نے کی ہے کہ Consensus کے ساتھ ہو اور یہ ضروری ہے۔

جناب سپیکر: ابھی اس کو کیا کریں، پینڈنگ کریں، آپ آپس میں بیٹھتے ہیں؟

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اس پر اگر Consensus develop کر دیں تو بہتر ہو گا۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! جس طرح بشیر صاحب کہتے ہیں کہ چارٹر آف ڈیمانڈ میں جو ایک نمبر ہے، اس کو پینڈنگ کرتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ان کے ساتھ بیٹھ جائیں پینڈنگ۔۔۔۔۔

جناب عبدالستار خان: اس کو پینڈنگ کرتے ہیں، باقی اس کو پاس کیا جائے کیونکہ۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: This is kept pending.

(شور)

جناب سپیکر: سارے پارلیمانی لیڈرز کے ساتھ بیٹھ کے پارلیمانی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: اس کو آپ سارے، یہ چونکہ بڑا ایشو ہے، چھوٹی سی بات نہیں ہے تو آپ ذرا بیٹھ جائیں۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب، ایسے At the eleventh hour آپ ایسے ہی۔۔۔۔۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، اگر سیریل نمبر 1 کو Delete کر دیں تو ریزولیوشن پاس کر دیں گے، جو آپ حکم کرتے ہیں تو اسی طرح کرینگے۔ میری یہ ریکویسٹ ہے کہ میں اس کیلئے کہتا ہوں کہ یہ جو

سیریل نمبرز انہوں نے دیئے ہوئے ہیں، سیریل نمبر 1 کو Delete کریں اور یہ کریں کہ اس کو Deleteکر کے پھر یہ قرارداد ہم پاس کرنے کیلئے تیار ہیں۔

(شور)

جناب سپیکر: جی۔ قرارداد ہذا سے منسلکہ کوہستانی قوم کا تیرہ نکاتی چارٹر پروگرام،اس کوDelete، چارٹر آف ڈیمانڈ کو تسلیم کیا جائے،اس میںDeleteکی بات آرہی ہے۔

(شور)

جناب سپیکر: چارٹر آف ڈیمانڈTotal deleteہو گیا،یہ ایسا ٹھیک ہے؟

(شور)

جناب سپیکر: نہیں نہیں،یہ تو سارا اسی میں آرہا ہے،اس کو تو سارا میں نےDeleteکیا۔

(شور)

سینیئر وزیر(بلدیات): آپ سیریل نمبر 1 کوDeleteکر کے ہاؤس سے پوچھ لیں۔ سیریل نمبر 1 جو ہے نا،اس میںAttachسارے ڈیمانڈز لکھے ہیں، سیریل نمبر 1 پر انہوں نے یہ لکھا ہے کہ سیریل نمبر 1 جو Attachہے،وہ آپDeleteکر کے باقی قرارداد پیش کر کے ہاؤس سے پوچھ لیں جی۔

جناب سپیکر: ہاں نا، تو اس میں وہی تیرہ نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ آرہا ہے، وہ سارے Delete ہو جائیں گے۔ بس جی، خالی اوریجنل قرارداد جو ہے،وہ۔۔۔۔۔

(شور)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the joint resolution, as amended by deleting serial No. 1, moved by the honourable Member may be passed?

اسراراللہ خان صاحب!یہ ایسےHaphazardمیں جو آتے ہیں نا،یہ بے سر و بے تکہ ایسے ہی چلتے ہیں۔

(شور)

Mr. Speaker: Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it; the resolution is passed unanimously.

(Applause)

سوال نمبر 47 پر قاعدہ 48 کے تحت تفصیلی بحث

Mr. Speaker: Mr. Israrullah Khan, to please start discussion on Question No. 47 and Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی صاحب نشتہ۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو سر۔ سر، میں مشکور ہوں اور۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا مختصر، مختصر سا۔ یہ بہت لمبا ہے اور ابھی ایجنڈا، نو بج گئے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میری گزارش یہ ہے کہ یہ سوال نمبر 47 جب میں لایا تھا تو اس میں Basically میں نے ایشو یہ Raise کیا تھا کہ ہمارے جو 110 ارب کے بقایاجات قسطوں کی شکل میں صوبائی حکومت کو مل رہے ہیں تو اس حوالے سے وزراء صاحبان کی تقاریر یہاں پر موجود ہیں اور میں حوالہ دے سکتا ہوں کہ 15 جون 2011 کو یہاں پر ایک تقریر ہوئی تھی جو کہ غالباً اس حوالے سے تھی کہ نہ ہم اس سے سکول بنائیں گے، نہ کالج بنائیں گے اور نہ ہم اس سے کوئی اور کام کریں گے، یہ ہمارے صوبے کا Asset ہے اور یہ Asset جو ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آنریبل دونوں منسٹرز، ٹھیک، ٹھیک۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اس پر سر، میں آرہا ہوں کہ یہ ہمارے صوبے کا اثاثہ تھا اور سر، اگر آپ کو یاد ہو، یہ 592, 595 بلین تک ہم چلے گئے تھے اور اس کیلئے گزشتہ دور حکومت میں ایک ثالثی کمیشن بنا تھا اور جب یہ ریلیز ہوئے تو گورنمنٹ چینج ہو چکی تھی تو چونکہ ہم اس کو اس انداز میں نہیں لے سکتے تھے کہ بس یہ آپ کے Routine کے وہ اثاثے ہیں جو کہ فیڈرل گورنمنٹ سے آپ کو Quarterly یا Yearly basis پر ملتے ہیں اور سر، اس کیلئے یا تو باقاعدہ ایک لیجسلیشن ہونا چاہیئے تھی یا یہ حوالہ دیا گیا ہوتا کہ اس میں کیبنٹ کا فیصلہ موجود ہے تو سر، میری یہ گزارش ہے کہ اس دن آپ کو یاد ہوگا کہ فنانس منسٹر صاحب کہہ رہے تھے کہ یہ ایشو پی اینڈ ڈی کا ہے اور پی اینڈ کے جو منسٹر صاحب تھے، انہوں نے بھی اس چیز کو تسلیم کر لیا تھا۔ میری سر، اس میں گزارش یہ ہے کہ آج دو منسٹرز صاحبان جنہوں نے یہ Commitment کی تھی اور اس کو Defend کرنا تھا، آج تو وہ شروع سے ہیں ہی نہیں تو یہ تو سر، میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کی بھی ایک توہین ہے کیونکہ سر، اگر میں یہ بات کر رہا ہوں تو اپنے حوالے سے نہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں انہوں نے چھٹی لی ہے، وہ بیمار تھے، میں نے خود اسلام آباد میں دیکھا تھا، وہ اپنے پختونخوا ہاؤس میں پڑے تھے تو اس وجہ سے اور لاء منسٹر صاحب سے میں نے پوچھا تو وہ جواب دے رہے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: وہ دونوں وزراء صاحبان بیمار تھے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: میری سر، اس میں گزارش یہ ہے کہ جس تقریر کا میں حوالہ دے رہا ہوں تو وہ 15 جون 2011 کو تھی اور اس میں یہ کہا گیا تھا کہ یہ جو رقوم ہیں، یہ ہمارا اثاثہ ہیں اور ان سے ہم کوئی اور کام نہیں کریں گے بلکہ اس کو Net hydel development کیلئے رکھیں گے۔ میری سر، یہ گزارش ہے کہ فلور آف دی ہاؤس پہ اگر ایک منسٹر ایک Statement گزار لیں تو یہ بہت بڑی بات ہے اور میں باقاعدہ تاریخ آپ کو بتا رہا ہوں۔ منسٹر صاحب کا نام مجھے یاد ہے لیکن میں Embarrassment نہیں کرنا چاہتا، ڈیبیٹ سے آپ دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کونسے منسٹر صاحب تھے؟ آج سر، ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ یہ جو Written reply ہے، اس میں کہا جاتا ہے کہ ایسا کوئی فیصلہ تحریری طور پر موجود نہیں ہے۔ جز نمبر ایک کے جواب میں کہا جاتا ہے اور یہ جو رقوم ہیں، یہ Consolidated fund کا حصہ ہیں اور اس کو ہم کسی مد میں بھی خرچ کر سکتے ہیں۔ میری سر، گزارش یہ ہے کہ اگر اثاثے آپ کے ہوں اور ان کی اس طریقے سے تقسیم ہو تو کیا یہ Good governance میں آتا ہے؟ کیونکہ یہ جیسا کہ میں نے کہا کہ اس کیلئے باقاعدہ ایک کمیشن بنا تھا، گزشتہ حکومت کی بھی اس میں Contribution ہے، اس حکومت کی بھی ہے تو اس طریقے سے اگر اثاثوں کا ہم خیال نہ رکھیں اور سر، آگے چل کر میں نے اس میں پوچھا ہے کہ اگر آپ کا Net hydel جیسا کہ انہوں نے لکھا ہے کہ 20 بلین جو ہیں، وہ Net hydel میں موجود ہیں، میری سر، اس میں گزارش یہ تھی کہ سی آر بی سی کے حوالے سے فرسٹ لفٹ کینال جو ہے، اس کو پھر اس سے کیوں تعمیر نہیں کرایا جاتا؟ کیونکہ سر، اگر آپ دیکھیں تو Net hydel کے حوالے سے تو ٹھیک ہے کہ آپ کے Revenues increase ہو رہے ہیں لیکن گورنمنٹ جو ہوتی ہے سر، ایک Social impact بھی دیکھنا پڑتا ہے کیونکہ اگر آپ کے Revenues increase ہوں تو ٹھیک ہے آپ Number of schools زیادہ بنا لیں گے، آپ کالجز زیادہ بنا لیں گے، Labour آپ کی Intensive ہو جائے گی لیکن جو عام پبلک ہے کیا ان پر اثر پڑ رہا ہے؟ ان پر سر، لوڈ شیڈنگ ہے تو بدستور

ویسی ہی ہے۔ اگر ملاکنڈ تھری بن گیا ہے تو اس سے بھی وہاں کے مقامی لوگوں کو تو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا تو یا تو یہ ہوتا کہ جب Terms of reference طے کئے جاتے تو فیڈرل گورنمنٹ کو اس چیز کا پابند کیا جاتا کہ اتنی پرسنٹ بجلی آپ موجودہ علاقوں کو دیں گے، جو اس سے مستفید ہوں گے۔ سر، سی آر بی سی کے حوالے سے یہ کہ اس پر ہماری کافی ڈیبیٹ بھی ہوئی ہے، میں مشکور ہوں اکرم خان درانی صاحب کا کہ انہوں نے بھی اس پر بات کی تھی اور انہوں نے باقاعدہ ایک فیڈرل منسٹر کو Quote کیا تھا کہ جو ہمیں پنجاب کے مائنڈ سیٹ کے بارے میں بتا رہا تھا کہ وہ کہہ رہے تھے کہ جب تک آپ کالا باغ ڈیم نہیں بنائیں گے تو یہ لفٹ کینال آپ کو نہیں ملنے والا۔ سر، اگر یہ کوئی Conversation تھی تو یہ کوئی دو بندوں کے درمیان نہیں تھی، ایک چیف منسٹر تھا اور ایک فیڈرل منسٹر تھا، تو اگر وہ اس قسم کی باتیں کریں اور سر، اس کے باوجود جب انہوں نے اس چیز کا بیڑا اٹھایا تھا تو اس وقت اس کی Cost 25 billion تھی، آج اس کی Cost 61 billion سے بھی اوپر ہے اور پی ایس ڈی پی میں اس کیلئے صرف 100 ملین رکھے گئے ہیں اور سر، آپ کو جو 110 بلین کی قسطیں ملنی ہیں، تقریباً کوئی 35 بلین غالباً مل چکی ہیں اور مزید بھی متوقع ہیں۔ میری سر، اس میں گورنمنٹ سے یہ گزارش تھی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ میڈیا کے دوستوں کو کہ اتنی اچھی Informative news معزز رکن دے رہے ہیں اور آپ میں سے کوئی Notes نہیں لے رہا ہے، بڑے افسوس کی بات ہے۔ آپ ادھر آتے ہیں، بیٹھتے ہیں، میں بھی خوش ہوتا ہوں کہ پریس گیلری بہت بھری ہوئی ہے لیکن آپ اس کو دیکھتے ہوئے کور یج کیا دیں گے اور کیا ہوگا، خدا بس جانتا ہے؟

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> سر! میں آپ کی اس ہمدردانہ توجہ پر مشکور ہوں سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نه دا ستړی شوی دی که څه چل شوے دے جی؟ زما ورونړه دی، میرے تو بھائی ہیں، میرے تو بھائی ہیں، سارا دن یہیں بیٹھتے ہیں اور میں بھی ادھر بیٹھا ہوتا ہوں۔

